# انگلش بطور اضافی زبان یا اضافی لہجہ سیکھنے والے K-10 طالبعلموں کی تحریری رپورٹس

## والدین اور کیئررز کے لیے معلومات

محترم خواتین و حضرات

آپ کو ہر سال اپنے بچے کے سکول سے دو تحریری رپورٹس ملتی ہیں۔ یہ رپورٹس آپ کو یہ سمجھنے میں مدد دیں گی کہ آپ کا بچہ سکول میں کیسا جا رہا ہے اور سکول آپ کے بچے کو سیکھنے میں کیسے مدد دے رہا ہے۔ ہر رپورٹ تمام مضامین میں آپ کے بچے کی پراگریس دکھائے گی۔

## انگلش بطور اضافی زبان یا اضافی لہجہ سیکھنے والے طالبعلموں کی رپورٹس (English as an additional language or dialect (EAL/D))

اگر آپ کا بچہ انگلش بطور اضافی زبان یا اضافی لہجہ (EAL/D) سیکھ رہا ہے تو رپورٹ واضح کرے گی کہ آپ کے بچے کو انگلش زبان کی نشوونما کے لیے کیسے مدد ملتی رہی ہے اور انگلش زبان سیکھنے میں اس کی پراگریس کیسی ہے۔ ایئر 1 اور اس سے اوپر کے طالبعلموں کی رپورٹ میں ان کی انگلش میں استعداد کا حالیہ مرحلہ بھی لکھا ہو گا۔ یہ مراحل ابتدائی صلاحیت، ابھرتی ہوئی صلاحیت، بڑھتی ہوئی صلاحیت اور پختہ صلاحیت ہیں۔ براہ مہربانی صفحے کی پشت پر ان مراحل کی تفصیل پڑھیں۔

## ملک میں نئے (EAL/D) طالبعلموں کی رپورٹس

اگر آپ کا بچہ EAL/D پروگرام میں ہے اور اسے آسٹریلین سکول میں داخل ہوئے چار ٹرمز یا اس سے کم عرصہ گزرا ہے تو ممکن ہے اس کی تحریری رپورٹ میں گریڈ کی بجائے مضامین میں اس کی پراگریس کے متعلق تبصرے ہوں۔

## اِنٹینسیو انگلش سنٹرز یا اِنٹینسیو انگلش ہائی سکول میں داخل ملک میں نئے (EAL/D) طالبعلموں کی رپورٹس

اگر آپ کا بچہ اِنٹینسیو انگلش سنٹر یا اِنٹینسیو انگلش ہائی سکول میں داخل ہے تو آپ کو انگلش سیکھنے میں اس کی پراگریس کی تحریری رپورٹ ملے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ رپورٹ ہائی سکول کی تیاری کے لیے پڑھے جانے والے سب مضامین میں پراگریس بھی دکھائے گی۔

| انگلش زبان میں استعداد کے مراحل | |
| --- | --- |
| **ابتدائی صلاحیت** | طالبعلم انگلش سیکھنے کے ابتدائی مرحلے میں ہیں۔ ہو سکتا ہے، وہ انگلش کے علاوہ کوئی دوسری ایک زبان یا ایک سے زیادہ زبانیں بولتے ہوں اور اپنی پہلی زبان میں عمر کے لحاظ سے پڑھنے اور لکھنے کی مناسب صلاحیت رکھتے ہوں۔ یہ طالبعلم نصاب میں شامل زبان کے آسان کام کرنے کا آغاز کر رہے ہوتے ہیں۔ |
| **ابھرتی ہوئی صلاحیت** | ابھرتی ہوئی صلاحیت کے مرحلے میں طالبعلم انگلش زبان کا علم بڑھا رہے ہوتے ہیں۔ ہو سکتا ہے، یہ طالبعلم بنیادی انگلش کے ساتھ ساتھ، کوئی دوسری ایک یا ایک سے زیادہ زبانیں بولتے ہوں اور وہ تحریری زبان کا علم بڑھا رہے ہوتے ہیں۔ یہ طالبعلم زبان کی مناسب تدریس اور کلاس روم کی سرگرمیاں مکمل کرنے کے لیے زائد وقت ملنے پر کلاس روم کی سرگرمیوں میں حصہ لینے کے قابل ہوتے ہیں اور پڑھائی میں شریک ہوتے ہیں۔ |
| **بڑھتی ہوئی صلاحیت** | بڑھتی ہوئی صلاحیت کے مرحلے میں طالبعلم انگلش زبان سے کام لینے کے ساتھ ساتھ کوئی دوسری ایک یا ایک سے زیادہ زبانیں بول سکتے ہیں اور تحریری انگلش کا علم بڑھا رہے ہوتے ہیں۔ یہ طالبعلم کلاس روم کی سرگرمیوں اور سکول کے معمولات میں فعال طریقے سے حصہ لیتے ہیں اور بڑھتی ہوئی کامیابی سے پڑھائی کے کام کر سکتے ہیں۔ انگلش گرامر پر عبور بڑھانے اور ذخیرۂ الفاظ میں اضافے کے ساتھ ساتھ انہیں اب بھی اپنی پہلی زبان سے اہم مدد ملتی ہے۔ |
| **پختہ صلاحیت** | پختہ صلاحیت کے مرحلے میں طالبعلم انگلش زبان کے ساتھ ساتھ کوئی دوسری ایک زبان یا ایک سے زیادہ زبانیں بول سکتے ہیں اور تحریری انگلش کا بھی اچھا علم رکھتے ہیں۔ یہ طالبعلم کلاس روم کی سرگرمیوں اور سکول کے معمولات میں خودمختار طریقے سے حصہ لیتے ہیں اور کامیابی سے پڑھائی کرنے کے لیے ان کی انگلش کے استعمال کی صلاحیت بڑھ چکی ہوتی ہے۔ وہ کئی مختلف مقاصد کے لیے انگلش میں پیش کردہ زبانی مواد اور تحریری مواد کو سمجھتے ہیں اور خود بھی تخلیق کرتے ہیں مگر انہیں اب بھی EAL/D طالبعلموں کے لیے زبان کی خاص تدریس اور معاون تدابیر کی ضرورت ہوتی ہے جبکہ وہ مختلف مضامین کی علمی زبان بڑھا رہے ہوتے ہیں۔ |

## ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس

اگر آپ مزید معلومات لینا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی سکول سے رابطہ کریں۔اگر آپ کو انٹرپریٹر (مترجم) کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی 450 131 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو فون کریں اور اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔انٹرپریٹر سکول کو فون کرے گا اور بات چیت میں آپکی مدد کے لیے لائن پر موجود رہے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔